167

# نوحہ

بِن بھائی کے اب کیسے وطن جائیگی زینبؑ
مر جائیگی مر جائیگی مر جائیگی زینبؑ

پوچھے گی جو صغراؑ کہ کہاں ہیں میرے بابا
مجھکو میرا بے شیر نظر کیوں نہیں آتا
سب قتل ہوئے کیسے بتا پائیگی زینبؑ

سب چاہنے والے ہیں میرے کرب و بلا میں
سب گود کے پالے ہیں اِسی دشتِ جفا میں
یہ کہتے ہوئے جاں سے گزر جائیگی زینبؑ

زندانِ مصائب سے تو لوٹ آئی ہوں بھیا
پر ساتھ سکینہؑ کو کہاں لائی ہوں بھیا
یہ داغ کلیجے پہ نہ سہہ پائیگی زینبؑ

بس ایک ہی آرام ہے اِس قلبِ حزیں کو
بازار کے سب زخم ابھی یاد ہیں مجھکو
باغی کی بہن اب نہیں کہلائیگی زینب

یثرب کے مکیں پوچھیں گے سجادؑ سے آکر
پردیس میں برباد ہوا کیسے بھرا گھر
خوں روئے گا سجادؑ تو گھبرائے گی زینبؑ

آئیں گے نظر عونؑ و محمدؑ کے جو حجرے
ہو جائینگے سب زخم ہرے میرے جگر کے
جب عونؑ و محمدؑ کو نہیں پائیگی زینبؑ

کیا کوہِ ستم قلب پہ نانی کے گرے گا
اماں کی لحد کانپ اٹھے گی میرے بھیا
جب نیل رسن کے اُنہیں دکھلائے گی زینبؑ

کیوں آئے نہیں ساتھ میں فرزند تمہارے
گر پوچھ لیا مجھ سے یہ عبداللہ نے آکے
سو بار وہی واقعہ دہرائے گی زینبؑ

مظہرؔ وہ گھڑی کیسی تھی میں لکھ نہیں سکتا
محمل سے نظر آیا جو زینبؑ کو مدینہ
فضہؑ نے کہا درد سے مرجائیگی زینبؑ